Ahaadees-e-karima Ki
Raushni Mein Baad-e- Wafaat

# HUQOOQ-E WAALIDAIN


By
Aala Hazrat Mujaddid-e-Deen-o-Millat
**IMAM AHMED RAZA QADRI**
Muhaddis Bareilvi Quddisa Sirruhu



Published by : RAZA ACADEMY
52, Dontad Street, Khadak, Mumbai - 400 009.


razaoffset@gmail.com

بسم الله الرحمن الرحيم

*Ahaadees-e-karima Ki Raushni Mein*

*Baad-e- Wafaat*

# HUQOOQ-E WAALIDAIN

*Az*

*Aala Hazrat Mujaddid-e-Deen-o-Millat*

**IMAM AHMED RAZA QADRI**

*Muhaddis-e-Bareilvi Quddisa Sirruhu*

*Ishaa'at*

*Bafaiz Huzoor Mufti-e-Azam Hazrat Allah Shah*

**MOHAMMED MUSTAFA RAZA**

*Qadri Noori Quddisa Sirruhu*

*Nashir*

**RAZA ACADEMY**

52, Dontad Street, Khadak,

Mumbai - 400 009

*Silsila-e-Isha'at Number : 672*

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## MAS'ALA :

ما قولکم رحمکم اللّٰہ تعالیٰ

Andreen Mas'ala (is mas'ale mein) ke baad faut ho jaane waalidain ke aulaad ke oopar kya haq waalidain ka rehta hai?

## AL-JAWAAB

**(1)** Sab se pehla haq baad maut unke janaze ki tajheez gusl, kafan, namaz, dafan hai aur in kaamon mein aise sunan o mustahbaat ki ri'aayat jis se unke liye har khoobi o barkat o rehmat o wus'at ki ummeed ho.

**(2)** Unke liye dua o astagfaar hamesha karte rehna. Is se kabhi gaflat na karna.

**(3)** Sadqa o khairaat o aamaal-e-Saalehaat ka sawaab unhein pahonchaate rehna, hasbe taqat is mein kami na karna, apni namaz ke saath unke liye bhi namaz padhna, apne rozon ke saath unke waaste bhi roze rakhna, balke jo nek kaam kare sab ka sawaab unhein aur sab musalmanon ko bakhsh dena ke un sab ko sawaab pahonch jayega aur is ke sawaab mein kami na hogi, balke bahut taraqqiyan payega.

**(4)** Un par koi qarz kisi ka ho to is ke ada mein had darja ki jaldi wa koshish karna aur apne maal se unka qarz ada hone ko donon jahaan ki sa'adat samajhna. Aap qudrat na ho to aur azizon qaribon phir baaqi ahle khair se is ke adaa mein imdaad lena.

**(5)** Un par koi qarz reh gaya ho to baqadr-e-qudrat is ke adaa mein sa'ee baja laana. Haj na kiya ho to khud unki taraf se Haj karna ya Haj-e-badal karana. Zakat ya Ushr (Anaj ki Zakaat) ka mutaalba un par raha hoto usey ada karna. Namaz ya roza baaqi hoto us ka kaffaara dena, wa-ala haazal qiyaas (isi par qiyaas karte hue) har tarah unki bara'at zimme mein jaddo jehad karna.

**(6)** Unhone jo wasiyat jaaiza shari'a ki ho hattal-imkaan iske nifaaz mein sa'ee karna. Agarche shar'an apne upar laazim na ho. Agarche apne nafs par baar na ho. Maslan woh nisf jaayedaad ki

wasiyat apne kisi azeez waaris ya ajnabi mahez ke liye kar gaye to shar'an tihaayi maal se ziyaada be-ijazat-e-wursaan naafiz nahi. Magar aulaad ko munasib hai ke unki wasiyat maanein aur unki khushi poori karne ko apni khwahish par muqaddam jaanein.

**(7)** Un ki qasam baad-e-marg bhi sacchi hi rakhna. Maslan Maa ya Baap ne qasam khayi thi ke mera beta fulaan jaga na jaaye ga, ya fulaan se na milega, ya fulaan kaam karega, to unke baad yeh khayaal na karna ke ab to woh hain nahi. Unki qasam ka khayaal nahi balke uska waisa hi paband rehna jaisa unki hayaat mein rehta jab tak koi harj-e-shar'i maane' na ho. Aur kuch qasam hi par mauqoof nahi, har tarah ke Umoor-e- Jaaiza (Jaaiz Kaamon) mein baad marg bhi unki marzi ka paband rehna.

**(8)** Har Jum'a ko unki ziyarat-e-qabr ke liye jaana, wahan Qur'an sharif aisi aawaaz se ke woh sunein, padhna aur is ka sawaab unki rooh ko pahonchaana. Raah mein jab kabhi unki qabr aaye be-salaam o faatiha na guzarna.

**(9)** Unke rishte daaron ke saath umr bhar nek sulook kiye jaana.

**(10)** Unke dooston se dosti nibhaana, hamesha unka aizaaz o ikraam rakhna.

**(11)** Kabhi kisi ke Maa ya Baap ko bura keh kar jawaab mein unhein bura na kahelwaana.

**(12)** Aur sab mein sakht tar o aam o mudaam tar yeh haq hai ke kabhi koi gunah karke unhein qabr mein ranj na pahonchaana. Iske sab aamaal ki Maa Baap ko khabar pahonchti hai. Nekiyaan dekhte hain to khush hote hain aur unka chehra farhat se damakne lagta hai. Aur gunah dekhte hain to ranjeeda hote hain, unke qalb par sadma pahonchta hai. Maa Baap ka yeh haq nahi ke qabr mein bhi unhein ranj diya jaaye.

Allah Gafoor Raheem, Azeez Kareem ﷻ sadqe apne Habeeb Raoof o Raheem alaihi wa-ala aalihi afzalus-salaat wat- tasleem hum sab musalmanon ko nekiyon ki taufeeq de, gunahon se bachaye. Hamaare akabir ki qabron mein hamesha noor o suroor

pahonchaye ke woh qaadir hai aur hum aajiz. Woh Gani hai aur hum mohtaaj.

حسبنا اللّٰہ ونعم الوکیل ونعم المولیٰ ونعم النصیر. ولا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ العلی العظیم. وصلی اللّٰہ تعالیٰ علی الشفیع الرفیع الغفور الکریم الرءوف الرحیم سیدنا محمد و اٰلہ وصحبہ اجمعین. اٰمین. والحمد للّٰہ رب العالمین.

Ab woh Hadeesein jin se faqeer ne yeh haq istakhraaj kiye, un mein se baaz ba-qadre kifayat zikr karun:

**HADEES 1:**

Ke ek Ansaari ﷺ ne khidmat-e-aqdas Huzoor pur-noor Sayyed-e-Aalam ﷺ mein haazir hokar arz ki, Ya Rasoolallah! Maa Baap ke inteqaal ke baad bhi koi tariqa unke saath nakoi (neki) ka baaqi hai jise main baja laaon? Farmaya:

نعم، اربعۃ : الصلاۃ علیہما والاستغفار لہما وانفاذ عہدہما من بعدہما واکرام صدیقہما وصلۃ الرحم التی لا رحم لک الا من قبلہما فھٰذا الذی بقی من برہما بعد موتہما.

(رواہ ابن النجار عن ابی اسید السّاعدی رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ مع القصہ.) و رواہ البیہقی فی سننہ عنہ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم لا یبقی للولد من بر الوالد الا اربع، الصّلوٰۃ علیہ والدعاء لہ وانفاذ عہدہ من بعدہ وصلۃ رحمہ واکرام صدیقہ.

(Tarjuma) Haan, Chaar baatein hain: un par namaz aur unke liye dua-e-magfirat aur unki wasiyat naafiz karna aur unke doston ki buzurg-daasht (izzat dena) aur jo rishta sirf unhi ki jaanib se ho, nek bartaao se uska qaayem rakhna, yeh woh nekoi (neki) hai ke unki maut ke baad unke saath karni baaqi hai.

**HADEES 2:**

Ke Rasoolullah ﷺ farmaate hain:

استغفار الولد لابیہ بعد الموت من البر.

(رواہ ابن النجار عن ابی اسید مالک بن زرارۃ رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ.)

(Tarjuma) Maa Baap ke saath nek sulook se yeh baat hai ke aulaad unke baad unke liye dua-e-magfirat kare.

**HADEES 3:**

Ke Rasoolullah ﷺ farmaate hain:

اذا ترک العبد الدعاء للوالدین فانه ینقطع عنه الرزق.

(رواه الطبرانی فی التاریخ والدیلمی عن انس بن مالک رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه.)

(Tarjuma) Aadmi jab Maa Baap ke liye dua chhod deta hai uska rizq qata' (Kat) ho jaata hai.

**HADEES 4 -&- 5:**

Ke Rasoolullah ﷺ farmaate hain:

اذا تصدق احدکم بصدقة تطوعا فلیجعلها عن ابویه فیکون لهما اجرها ولا ینقص من اجره شیئا.

(رواه الطبرانی فی الاوسط وابن عساکر عن عبداللّٰہ بن عمرو رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما. ونحوه الدیلمی فی مسند الفردوس عن معاویة بن حیدة القشیری رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه.)

(Tarjuma) Jab tum mein koi shakhs kuch nafl khairaat kare to chahiye ke usey apne Maa Baap ki taraf se kare ke uska sawaab unhein milega aur uske sawaab se kuch na ghatega.

**HADEES 6:**

Ke ek Sahabi رضی اللّٰہ عنہ ne hazir hokar arz ki, Ya Rasoolallah! main apne Baap ki zindagi mein unke saath nek sulook karta tha. Ab woh mar gaye hain. Unke saath nek sulook ki kya raah hai? Farmaaya:

ان من البر بعد الموت ان تصلی لهما مع صلوٰتک و تصوم لهما مع صیامک. (رواه الدارقطنی.)

(Tarjuma) Baad-e-marg nek sulook yeh hai ke tu apni namaz ke saath unke liye namaz padhe aur apne rozon ke saath unke liye roze rakhe.

Yaani jab apne sawaab milne ke liye kuch nafl namaz padhe ya roze rakhe to kuch nafl namaz roze unki taraf se unhein sawab pahonchne ko bhi baja la. Ya namaz roza jo amal nek kare, saath hi unhein sawaab pahonchne ki bhi niyat kare ke unhein bhi mile ga aur tera bhi kam na hoga.

کما مر و لفظ مع یحتمل الوجهین بل هٰذا الصق بالمیتة.

الا فضل لمن يتصدق نفلا Muheet phir Tataar Khania phir Raddul Muhtaar mein hai ان ينوى لجميع المؤمنين و المؤمنات لانها تصل اليهم ولا ينقص من اجره شئ.

**HADEES 7:**

Ke farmaate hain Rasoolullah ﷺ :

من حج عن والديه او قضى عنهما مغرما بعثه الله يوم القيٰمة مع الابرار.

(رواه الطبرانی فی الاوسط والدارقطنی فی السنن عن ابن عباس رضی اللّٰه تعالیٰ عنه.)

(Tarjuma) Jo apne Maa Baap ki taraf se Haj kare ya unka qarz ada kare, roz-e-qayamat nekon ke saath uthe.

**HADEES 8:**

Amirul-Momineen Umar Farooq رضی اللہ عنہ par assi (80) hazaar qarz they. Waqt-e-Wafaat apne sahebzaade Hazrat Abdullah bin Umar رضی اللہ عنہما ko bula kar farmaya:

بع فيها اموال عمر فان وفت والا فسل بنى عدى فان وفت والا فسل قريشا ولا تعد عنهم. (رواه ابن سعد فی الطبقات عن عثمان بن عروة.)

(Tarjuma) Mere dain (Qarz) mein awwal mera maal bechna, agar kaafi ho jaaye fabiha warna meri qaum bani adi se maangna, agar yun bhi poora na ho to Quraish se maangna aur unke siwa auron se sawaal na karna.

Phir Sahebzaade mausoof se farmaya "Tum mere qarz ki zamanat karlo" Woh zaamin ho gaye aur Amirul-Momineen ke dafan se pehle akabir ansaar o muhajireen ko gawah kar liya ke woh assi (80) hazaar mujh par hain. Ek hafta na guzra tha ke Abdullah radiyallahu ta'ala anhu ne woh saara qarz ada farma diya.

**HADEES 9:**

Qabila Johniya se ek bibi رضی اللہ عنہا ne Khidmat-e-Aqdas Huzoor Sayyed-e-Aalam ﷺ mein hazir hokar arz ki, Ya Rasoolallah meri Maa ne Haj karne ki mannat maani thi, woh ada na kar sakeein aur unka inteqaal ho gaya. Kya main unki taraf se Haj kar lun? Farmaya:

نعم حجى عنها ارأيت لو كان علىٰ امك دين اكنت قاضية اقضوا الله فالله احق بالوفاء. (رواه البخاری عن ابن عباس رضی اللّٰه تعالیٰ عنه.)

(Tarjuma) Haan uski taraf se Haj kar. Bhala dekh to agar teri Maa par koi dain hota to tu ada karti ya nahi? Yun hi Khuda ka dain ada karo ko woh ziyaada ada ka haq rakhta hai.

**HADEES 10:**

Ke Rasoolullah ﷺ farmaate hain:

**اذا حج الرجل عن والديه تقبل منه ومنهما وابتشر به ارواحهما فى السماء و كتب عنداللّٰه برّا.** (رواه الدارقطنى عن زيد بن ارقم رضى اللّٰه تعالىٰ عنه.)

(Tarjuma) Insaan jab apne waaldain ki taraf se Haj karta hai, woh Haj uski aur un sab ki taraf se qabool kiya jaata hai aur unki roohein aasmaan mein us se shaad hoti hain aur yeh shakhs Allah ﷻ ke nazdeek Maa Baap ke saath nek sulook karne wala likha jaata hai.

**HADEES 11:**

Ke Rasoolullah ﷺ farmaate hain:

**من حج عن ابيه او عن امّه فقد قضى عنه حجته و كان له فضل عشر حجج.**

(رواه الدارقطنى عن جابر بن عبداللّٰه رضى اللّٰه تعالىٰ عنهما.)

(Tarjuma) Jo apni Maa ya Baap ki taraf se Haj kare unki taraf se Haj ada ho jaaye aur usey dus (80) Haj ka sawaab ziyaada mile.

**HADEES 12:**

Ke farmaate hain Rasoolullah ﷺ:

**من حج عن والديه بعد وفاتهما كتب اللّٰه له عتقا من النار و كان للمحجوج عنها اجر حجة تامة من غير ان ينقص من اجورهما شئ.**

(رواه الاصبهانى فى الترغيب والبيهقى فى الشعب عن ابن عمر رضى اللّٰه تعالىٰ عنه.)

(Tarjuma) Jo apne waalidain ke baad unki taraf se Haj kare, Allah ta'ala uske liye dozakh se aazaadi likhe aur un donon ke waaste poore Haj ka sawaab ho, jis mein aslan kami na ho.

**HADEES 13:**

Ke farmaate hain Rasoolullah ﷺ:

**من برقسمهما وقضى دينهما و لم يستسب لهما كتب بارا وان كان عاقا فى حياته ومن لم يبرقسمهما ويقض دينهما واستسب لهما كتب عاقا وان كان**

**بارا فی حیاته.** (رواہ الطبرانی فی الاوسط عن عبدالرحمٰن بن سمرة رضی اللّٰه تعالیٰ عنه.)

(Tarjuma) Jo Shakhs apne Maa Baap ke baad unki qasam sacchi kare aur unka qarz utaare aur kisi ke Maan Baap ko bura keh kar unhein bura na kahelwaye, woh waalidain ke saath neku-kaar likha jaaye, agarche unki zindagi mein na-farmaan tha aur jo unki qasam poori na kare aur unka qarz na utaare aur unke waalidain ko bura keh kar unhein bura kahelwaye woh Aaq (Bura) likha jaaye, agarche unki hayaat mein neku-kaar tha.

**HADEES 14:**

Ke farmaate hain Rasoolullah ﷺ :

**من زار قبر ابویه او احدهما فی کل یوم جمعة مرة غفر اللّٰه له و کتب برا.**

(رواہ الامام الترمذی العارف باللّٰه الحکیم فی نوادر الاصول عن ابی هریرة رضی اللّٰه تعالیٰ عنه.)

(Tarjuma) Jo apne Maa Baap donon ya ek ki qabr par har jum'a ke din ziyarat ko hazir ho Allah ta'ala us ke gunah bakhsh de aur Maa Baap ke saath accha bartao karne waala likha jaaye.

**HADEES 15:**

Ke farmaate hain Rasoolullah ﷺ :

**من زار قبر والدیه او احدهما یوم الجمعة فقرأ عنده یٰسٓ غفر له.**

(رواہ ابن عدی عن الصدیق الاکبر رضی اللّٰه تعالیٰ عنه.)

(Tarjuma) Jo shakhs roz-e-Jum'a apne waalidain ya ek ki Ziyarat -e-Qabr kare aur uske paas Yaseen padhe, bakhsh diya jaaye.

**وفی لفظ من زار قبر والدیه او احدهما فی کل جمعة فقرأ عنده یٰسٓ غفر اللّٰه له بعدد کل حرف منها.**

(رواہ هو والخلیلی وابو شیخ والدیلمی وابن النجار والرافعی وغیرهم عن ام المؤمنین الصدیقة عن ابیها الصدیق الاکبر رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما عن النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم.)

(Tarjuma) Jo har Jum'a waalidain ya ek ki Ziyarat-e-Qabr kare wahan Yaseen Sharif mein jitne harf hain un sab ki ginti ki barabar Allah ta'ala uske liye magfiratein farmayein.

**HADEES 16:**

Ke farmaate hain Rasoolullah ﷺ :

من زار قبر ابويه او احدهما احتسابا كان كعدل حجة مبرورة ومن كان زوارا لهما زارت الملٰئكة قبره.

(رواه الامام الترمذی الحکيم وابن عدی عن ابن عمر رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما.)

(Tarjuma) Jo ba-niyat-e-sawaab apne waalidain donon ya ek ki ziyarat-e-qabr kare Haj-e-Maqbool ke barabar sawaab paaye. Aur jo ba-kasrat unki ziyarat-e-qabr kiya karta ho, farishte uski qabr ki ziyarat ko aayein.

Imam Ibn al-Joozi muhaddis kitaab "Oyoon al-hikayaat" mein ba-sanad khud Muhammad ibn al-abbas daraaq se riwayat farmaate hain: Ek shakhs apne bete ke saath safar ko gaya. Raah mein Baap ka inteqaal ho gaya. Woh jungal darkhataan-e-Maqal yaani gogle ke pedon ka tha. Unke neeche dafan karke beta jahan jaana tha chala gaya. Jab palat kar aaya, us manzil mein raat ko pahoncha. Baap ki qabar par na gaya, naagah suna ke koi kehne wala yeh ash'aar keh raha hai.

رأیتک تطوی الدوم لیلا ولا تریٰ　　علیک لاهل الدوم ان تتکلما

وبالدوم ثاولو ثویت مکانه　　ومر باهل الدوم عاد فسلما

“Maine tujhe dekha ke tu raat mein is jungle ko taye karta hai aur woh jo in pedon mein hai us se kalaam karna apne upar laazim nahi jaanta. Halaanke in darakhton mein woh muqeem hai ke agar tu uski jaga hota aur woh yahan guzarta to woh raah se phir kar aata aur teri qabar par salaam karta.

**HADEES 17:**

Ke farmaate hain Rasoolullah ﷺ :

من احب ان يصل اباه فی قبره فليصل اخوان ابيه من بعده.

(رواه ابو یعلیٰ وابن حبان عن ابن عمر رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما)

(Tarjuma) Jo chahe ke Baap ki qabr mein uske saath husne sulook kare woh Baap ke baad uske azizon doston se nek bartao rakhe.

**HADEES 18:**

Ke farmaate hain Rasoolullah ﷺ :

من البر ان تصل صديق ابيک.

(رواه الطبرانی فی الاوسط عن انس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہ)

(Tarjuma) Baap ke saath neku-kaari hai yeh ke uske dost se accha bartao rakhe.

**HADEES 19:**

Ke farmaate hain Rasoolullah ﷺ :

ان ابرار البر ان يصل الرجل اهل ذی ابيه بعد ان يولی الاب.

(رواه الائمة احمد و البخاری فی الادب المفرد و مسلم فی صحيحه و ابو داؤد والترمذی عن ابن عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما.)

(Tarjuma) Beshak Baap ke saath neku-kaaryon se badh kar yeh neku-kaari hai ke aadmi Baap ke peeth dene ke baad uske doston se acchi rawish par rehta hai.

**HADEES 20:**

Ke farmaate hain Rasoolullah ﷺ :

احفظ وُدَّ ابيک لا تقطعه فيطفئ اللّٰہ نورک.

(رواه البخاری فی الادب المفرد والطبرانی فی الاوسط والبيهقی فی الشعب عن ابن عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما.)

(Tarjuma) Apne Baap ki dosti nigah mein rakh. Usey qata' na karna ke Allah tera noor bujha dega.

**HADEES 21:**

Ke farmaate hain Rasoolullah ﷺ :

تعرض الاعمال يوم الاثنين والخميس علی اللّٰہ تعالیٰ و تعرض علی الانبيآء وعلی الاٰبآء والامهات يوم الجمعة فيفرحون بحسناتهم و تزداد وجوههم بياضا و اشراقا. فاتقوا اللّٰہ ولا توذوا امواتکم.

(رواه الامام الحکيم عن والد عبدالعزيز رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه.)

(Tarjuma) Har doshamba (Monday) wa punj-shamba (Thursday)

ko Allah ﷻ ke Huzoor Aamaal pesh hote hain aur Ambiya-e-Kiraam عليهم السلام aur Maa Baap ke saamne har Jum'a ko. Woh nekiyon par khush hote hain aur unke chehron ki safayi o taabish badh jaati hai to Allah se daro aur apne murdon ko apne gunahon se ranj no pahonchao.

Bil-jumla waalidain ka haq woh nahi ke insaan us se kabhi ohda bar-aa ho (Haq ki adayegi se aazaad ho) woh uske hayaat o wajood ke sabab hain, to jo kuch nematein deeni o dunyawi paayega sab unhi ke tufail mein huyin ke har ne'mat o kamaal wajood par mauqoof hai aur wajood ke sabab woh huwe to sirf Maa ya Baap hona hi aise azeem haq ka mojib hai jis se bariuz-zimma kabhi nahi ho sakta. Na ke uske saath uski parwarish mein unki koshishein, uske aaraam ke liye un ki taklifein, khususan pet mein rakhne, paida hone, doodh pilaane mein Maa ki aziyatein, unka shukr kahan tak ada ho sakta ho, sakta hai. Khulasa yeh ke woh is ke liye Allah ﷻ wa Rasool ﷺ ke saaye aur unki rabubiyat o rehmat ke mazhar hain. walihaza Qura'an-e-Azeem mein ﷻ ne apne haq ke saath unka zikr farmaya ke:

اَنِ اشْکُرْ لِیْ وَلِوَالِدَیْکَ ط *(Surah Luqman, Aayat 14)*

(Tarjuma) Haq maan mera aur apna Maa Baap ka.

Hadees mein hai, ek Sahabi رضي الله عنه ne hazir hokar arz ki, Ya Rasoolallah ﷺ ek raah mein aise garam pattharon par ke agar gosht ka tukda un par daala jaata kabaab ho jaata, chhe meel tak apni Maa ko apni gardan par sawaar karke le gaya hun. Kya ab main uske haq se ada ho gaya hun? Rasoolullah ﷺ ne farmaya:

لعله ان یکون بطلقة واحدة.

(رواه الطبرانی فی الاوسط عن بریدة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه.)

(Tarjuma) Tere paida hone mein jis qadar dardon ke jhatke isne uthaaye hain shayed yeh un mein ek jhatke ka badla ho sake.

Allah ﷻ Uqooq (Naafarmani) se Bachaye aur Adaaye Huqooq ki taufeeq ataa farmaye. Aaamee Aameen

برحمتک یا ارحم الراحمین . وصلی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ سیدنا ومولانا